بسم اللہ الرحمٰن الرحیم
القواعد فی العقائد
تالیف
شیخ الحدیث والتفسیر
پیر سائیں غلام رسولؒ قاسمی قادری نقشبندی
دامت برکاتہم العالیہ
رحمۃ للعالمینﷺ پبلیکیشنز
بشیر کالونی سرگودھا 048-3215204

بِسۡمِ اللّٰہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ

القواعد
فی
العقائد

تالیف

شیخ الحدیث والتفسیر

پیر سائیں غلام رسول قاسمی قادری نقشبندی

دامت برکاتہم العالیہ

ناشر

رحمۃ للعالمین پبلی کیشنز بشیر کالونی سرگودھا

048-3215204-0303-7931327

فہرستِ مضامین

بِسۡمِ اللّٰہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ

اَلۡحَمۡدُ لِلّٰہِ رَبِّ الۡعَالَمِیۡنَ وَ الصَّلٰوۃُ وَ السَّلَامُ عَلٰی سَیِّدِنَا وَ مَوۡلَانَا مُحَمَّدٍ

وَّ عَلٰی آلِہٖ وَ اَصۡحَابِہٖ اَجۡمَعِیۡنَ اَمَّا بَعۡدُ

عقیدہ کی تعریف

عقیدہ کا لفظ عقد سے بنا ہے۔ عقد کا لفظی معنی ہے بندھن اور گرہ۔ مضبوط چیز کو گرہ یا عقد کہتے ہیں۔ وہ نظریہ جو مضبوط ہو اور جس پر وثوق ہو اسے عقیدہ کہتے ہیں۔

اسلامی عقائد کی اقسام

(i)۔ ضروریاتِ اسلام:۔ یہ ایسے عقائد ہیں جو قرآن مجید یا حدیثِ متواتر یا اجماعِ صحابہ سے ثابت ہوں اور ان دلائل کی اپنے مفہوم پر دلالت قطعی اور واضح ہو۔ ان دلائل کے قطعی الثبوت ہونے کی وجہ سے ان میں شک وشبہ کی گنجائش نہیں ہوتی اور قطعی الدلالت ہونے کی وجہ سے ان میں تاویل نہیں چلائی جاسکتی۔ ایسے عقائد میں سے کسی ایک عقیدہ کا منکر بھی کافر ہوتا ہے۔ مثلاً اللہ تعالیٰ کو واجب الوجود ماننا، اس کے وجوبِ وجود، استحقاقِ عبادت اور مستقل صفات میں کسی کو شریک نہ ماننا، اسے بے عیب سمجھنا، فرشتوں کو ماننا، آسمانی کتابوں کو ماننا، انبیاء ورسل کو ماننا، قیامت کو ماننا، تقدیر کو ماننا، نبی کریم ﷺ کو آخری نبی ماننا، حیاتِ مسیح علیہ السلام کا عقیدہ رکھنا، کبائر کو قابلِ معافی سمجھنا، قرآن [illegible] سمجھنا اور اس کے ایک ایک لفظ کو تسلیم کرنا، عذابِ قبر کو حق سمجھنا، معراج کو حق سمجھنا، شفاعت کا جواز ماننا، قیامت کے دن اللہ تعالیٰ کی رؤیت کا عقیدہ رکھنا، ختمِ نبوت کے بعد کسی کو مامور من اللہ نہ سمجھنا، انبیاء وملائکہ کو معصوم سمجھنا، سیدہ صدیقہ پر بہتان کو غلط سمجھنا، نماز روزہ حج زکوٰۃ اور جہاد کو ماننا۔

(ii)۔ ضروریاتِ مذہبِ اہلِ سنت وجماعت:۔ یہ ایسے عقائد ہیں جن کا ثبوت ضروریاتِ اسلام کے دلائل کی طرح قطعی ہو لیکن اسکے دلائل کی دلالت قطعی نہ ہو بلکہ اس میں تاویل کا احتمال موجود ہو، یا اگر ثبوت ظنی ہو تو دلالت قطعی ہو جیسے ائمہ اربعہ کا اجماع۔ لہٰذا اس کے منکر کو کافر نہیں کہا جاتا۔ البتہ ایسا شخص اہلِ سنت سے خارج ہو جاتا ہے۔ مثلاً خلفاءِ اربعہ علیہم الرضوان کی خلافت، شیخین کو

افضل سمجھنا اور ختنین سے محبت کرنا، موزوں پر مسح کو جائز سمجھنا، تمام صحابہ و اہل بیت علیہم الرضوان کا ادب، اجماعِ امت کی حجیت کو تسلیم کرنا، ہمیشہ جماعت کا ساتھ دینا اور شذوذ سے بچنا۔

(iii)۔ ثابتاتِ محکمہ :۔ یہ ایسے عقائد ہیں جو ظنی دلائل سے ثابت ہوں۔ یہ دلائل اس قدر وزنی ہوتے ہیں کہ جانبِ خلاف کو پچھاڑ کر رکھ دیتے ہیں۔ جیسے صحیح خبرِ واحد اور قولِ جمہور۔ ان کا خلاف بھی کوئی معمولی آفت نہیں، اللہ کا ہاتھ جماعت پر ہے یَدُ اللّٰہِ عَلَی الْجَمَاعَۃِ۔ مثلاً گستاخِ رسول کی توبہ کا عدمِ قبول، انبیاء کی فرشتوں پر افضلیت، حضرت عثمان غنی رضی اللہ عنہ کی سیدنا علی المرتضیٰ کرم اللہ وجہہ الکریم پر افضلیت۔

(iv)۔ ظنیاتِ محتملہ : ۔ یہ نظریات ایسی ظنی دلیل سے ثابت ہوتے ہیں جو محض راجح ہو اور جانبِ خلاف کے لیے گنجائش بھی موجود ہو۔ مثلاً محبوب کریم ﷺ کو عالمِ ما کان و ما یکون سمجھنا، حاضر ناظر سمجھنا، مختارِ کل سمجھنا، آپ ﷺ کی نورانیت حسی، یا رسول اللہ کہنے کا جواز، حضور ﷺ کا سایہ نہ ہونا، علماء و شہداء کے شفیع بننے کا عقیدہ، مزارات کی زیارت اور صاحبِ مزار سے توسل، بخاری شریف کو اَصَحُّ الْکُتُبِ بَعْدَ کِتَابِ اللّٰہِ سمجھنا۔

بعض کام ایسے ہیں جن کا تعلق عقیدے سے نہیں بلکہ عمل سے ہے اور عصرِ حاضر میں اختلافی ہونے کی وجہ سے انہیں عقائد کے ساتھ نتھی کر دیا جاتا ہے۔ مثلاً ایصالِ ثواب کے لیے دن مقرر کرنا، میلاد شریف منانا، کھڑے ہو کر صلوٰۃ و سلام پڑھنا، محبوب کریم ﷺ کے اسمِ گرامی پر انگوٹھے چومنا، جنازہ کے بعد دعا مانگنا، ایصالِ ثواب کی مختلف صورتیں مثلاً سوئم چالیسواں عرس وغیرہ۔ یہ سب باتیں مستحب ہیں، ان کا کرنا ثواب ہے، لیکن ان کے ترک سے نہ گناہ لازم آتا۔

ایک محقق کو معلوم ہونا چاہیے کہ کونسی دلیل سے کیا ثابت ہوتا ہے اور کون سے دعویٰ پر کونسی دلیل درکار ہوتی ہے۔ آج کچھ لوگ ایسے ہیں جو قطعی باتوں کے انکار کو بھی کفر نہیں کہتے اور کچھ لوگ ایسے ہیں جو ظنیاتِ محتملہ اور مستحبات پر شرک کا فتویٰ داغ رہے ہیں۔ ایسا بھی دیکھنے میں آیا ہے کہ مکفر محض اپنے پسندیدہ احتمال پر مصر ہوتا ہے اور اس احتمال کے منکر کو کافر کہہ رہا ہوتا ہے۔ جبکہ فریقِ مخالف کے پاس قولِ مختار ہوتا ہے۔ چور الٹا کوتوال کو ڈانٹتا ہے۔ نہ صرف ڈانٹتا ہے بلکہ اسے کافر کہتا ہے۔ اس صورتِ حال کا اصل سبب جہلا کی فتویٰ بازی اور فاروقی ڈنڈے کا فقدان ہے۔

ہر سخن وقتے و ہر نکتہ مقامے دارد گر فرقِ مراتب نکنی زندیقی